Serial No.of Answar book

................................

MRD-E/XI (A)

علم التعلیم ۔ پارٹ-II

Roll No.

..................................

Fic. No. ..................

Fic. No. ..................

علم التعلیم ۔ پارٹ-II

وقت: 20 منٹ

**حصہ الف (معروضی)**

کل نمبر: 20

**نوٹ۔ اس حصّے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔**

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔درست جواب کا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) اللہ تعالیٰ نے ____ میں پڑھنے کا حکم صادر فرمایا۔ (الف) پہلی وحی (ب) دوسری وحی (ج) تیسری وحی (د) چوتھی وحی

(ii) ____ کو اسلامی مدارس کے نصاب میں ہمیشہ مرکزی حیثیت حاصل رہی ہے (الف) طب (ب) ریاضی (ج) زراعت (د) قرآن

(iii) برصغیر کے مکاتب میں ذریعہ تعلیم ____ تھا۔ (الف) عربی (ب) فارسی (ج) ہندی (د) سنسکرت

(iv) درس نظامی کے نصاب میں معلومات کی وسعت کی بجائے ____ پر زیادہ زور دیا گیا۔ (الف) قرآن (ب) حدیث (ج) ریاضی (د) فلسفہ و منطق

(v) جامعۃ الازہر کہاں واقع ہے؟ (الف) مصر (ب) شام (ج) عرب امارات (د) سعودی عرب

(vi) برصغیر میں جدید نظام تعلیم کا بانی کس کو کہا جاتا ہے؟ (الف) چارلز گرانٹ (ب) میکالے (ج) رابرٹ براؤن (د) ماؤنٹ بیٹن

(vii) دارالعلوم دیوبند کا بانی کون ہے؟ (الف) سید احمد شہید (ب) شاہ ولی اللہ (ج) محمد قاسم نانوتوی (د) سر سید احمد خان

(viii) پہلی دفعہ کمپیوٹر کی تعلیم کو سکولوں میں متعارف کرانے کی سفارش ______ کی تعلیمی پالیسی میں کی گئی۔
(الف) 1972-80 (ب) 1959 (ج) 1992 (د) 1998-2010

(ix) ________ میں بی.اے کی ڈگری کا دورانیہ دو سے بڑھا کر تین سال کر دیا گیا۔
(الف) تعلیمی پالیسی 1947 (ب) 1970 پالیسی (ج) تعلیمی کمیشن 1959 (د) پالیسی 1979

(x) طلبہ کے فوجی تربیت کون سی تعلیمی پالیسی میں لازمی کر دی گئی؟ (الف) 1947 (ب) 1979 (ج) 1970 (د) 1959

(xi) پاکستان میں 2004ء کے اعداد و شمار کے مطابق کتنے ملین لوگ اب بھی ناخواندہ ہیں؟ (الف) 40 (ب) 48 (ج) 55 (د) 50

(xii) سارجنٹ رپورٹ کب بنائی گئی؟ (الف) 1940 (ب) 1945 (ج) 1944 (د) 1946

(xiii) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی نوعیت کیا ہے؟ (الف) اردو تعلیم (ب) رسمی تعلیم (ج) فاصلاتی تعلیم (د) ان میں سے کوئی نہیں۔

(xiv) یونیورسٹی کا منتظم اعلیٰ کون ہوتا ہے؟ (الف) وائس چانسلر (ب) چیئرمین (ج) ڈائریکٹر (د) ڈین

(xv) سائنٹفک سوسائٹی کس نے قائم کی؟ (الف) علامہ اقبال (ب) سر سید احمد خان (ج) قائداعظم (د) مولانا محمد علی جوہر

(xvi) مشہور کتاب ''الشفاء'' کے مصنف کا نام ____ ہے۔ (الف) ابن خلدون (ب) الغزالی (ج) ابن سینا (د) بابر

(xvii) ٹیکسٹ بک بورڈ کس مقصد کے لیے بنا ہے؟ (الف) امتحانات کے لیے (ب) ڈگریوں کے لیے (ج) گائیڈز (د) درسی کتب لیے

Result.PK

**MRD-E/XI (A)**

# علم التعلیم پارٹ-II

وقت:2 گھنٹے 40 منٹ                                                                                                   نمبر:80

## سیکشن "ب" (50)

**سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دس کے مختصر جوابات تحریر کریں۔تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔**

i۔ فرض عین اور فرض کفایہ کے بارے میں امام غزالی کے خیالات بیان کریں

ii۔ نقلی علوم اور عقلی علوم سے علامہ ابن خلدون کیا مراد لیتے ہیں؟

iii۔ ابن سینا نے علوم کو کون سے تین مدارج میں تقسیم کیا ہے؟

iv۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی تعلیمی پالیسی کی وضاحت کریں۔

v۔ 1913ء چارٹرا یکٹ کی نمایاں دفعات لکھیں۔

vi۔ برصغیر میں تعلیمی تبدیلیوں کے چار ادوار بیان کریں۔

vii۔ تحریک علی گڑھ کی کوئی چار علمی خدمات بیان کریں۔

viii۔ 1947ء کی تعلیمی پالیسی کے نام قائداعظم کے پیغام کے چار اہم نکات لکھیں۔

ix۔ تعلیمی کمیشن 1959ء کے مجوزہ امتحانات کے فوائد بیان کریں۔

x۔ 1979ء کی پالیسی میں کیا نقائص تھے؟ پانچ سطروں میں لکھیں۔

xi۔ یونیورسٹیوں میں وائس چانسلر کی مدد کے لیے قائم ہونے والے کم از کم پانچ اہم اداروں کے نام لکھیں۔

xii۔ صوبائی محکمہ تعلیم کے پانچ اہم اختیارات کی فہرست تیار کریں۔

xiii۔ تعلیم کے فروغ کے لیے پرائیویٹ تنظیموں کا کیا کردار ہے؟

## سیکشن "ج" (30)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے تین سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔

سوال نمبر3۔ برصغیر میں مسلم دور میں تعلیم کے مختلف مدارج کی تفصیل لکھیں۔

سوال نمبر4۔خواندگی سے کیا مراد ہے؟ پاکستان میں خواندگی کی صورت حال کی وضاحت کریں اور خطے کے ممالک سے اس کا موازنہ کریں۔

سوال نمبر5۔ معیار تعلیم سے ہم کیا مراد لیتے ہیں؟ معیار تعلیم پر اثر انداز ہونے والے عوامل پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر6۔ قومی تعلیمی پالیسی 2010-1989 کے اہم نکات تفصیل سے بیان کریں۔

..............................................

Result.PK

Result.PK